DIRECTORATE
GENERAL PUBLIC RELATIONS
BALOCHISTAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

مورخہ 06.05.2024

| نمبر شمار | اہم قومی ومقامی خبریں | اخبارات |
|---|---|---|
| 01 | بلوچستان میں پائیداری ترقی کیلئے ٹھوس اقدامات اٹھائیں گے،امن سبوتاژ کرنے والے عناصر سے سختی سے نمٹا جائے گا،وزیراعلیٰ بلوچستان | جنگ ودیگراخبارات |
| 02 | صدر آصف علی زرداری آج کوئٹہ پہنچیں گے | جنگ ودیگراخبارات |
| 03 | علاج کی سہولیات بہتر بنانا ضروری ہے،میر فیصل جمالی | جنگ ودیگراخبارات |
| 04 | گندم خریداری کیلئے 5ارب روپے جاری کرنے کی ہدایات دیدی ہیں،صوبائی وزیرخوراک | جنگ ودیگراخبارات |
| 05 | گوادر میں تجارتی سرگرمیوں کیلئے نئی پالیسیاں بنائیں گے،وفاقی وزیر سمندری امور | جنگ ودیگراخبارات |
| 06 | جعفر مندوخیل بلوچستان کی محرومیاں اور مسائل سے آگاہ ہیں،نسیم الرحمان | آزادی ودیگراخبارات |
| 07 | صحبت پور کے انفراسٹرکچر کو جدید خطوط پر استوار کرینگے،سلیم کھوسہ | آزادی ودیگراخبارات |
| 08 | ہائیکورٹ میں ہاؤسنگ سکیم سے متعلق آئینی درخواست کی سماعت | باخبر ودیگراخبارات |
| 09 | شرپسند عناصر کسی بھی رعایت کے مستحق نہیں،ڈی سی کچھی | جنگ ودیگراخبارات |
| 10 | سعودی تجارتی وفد اسلام آباد پہنچ گیا،ریکوڈک سمیت سرمایہ کاری کے متعدد معاہدے متوقع | جنگ ودیگراخبارات |
| 11 | محکمہ تعلیم میں میرٹ کی پامالی کے عمل کا نوٹس لیا جائے،پشتونخوامیپ | جنگ ودیگراخبارات |
| 12 | چمن پرلت کے شرکاء پر فائرنگ قابل مذمت ہے،رحیم زیارتوال | مشرق ودیگراخبارات |
| 13 | مکران میں باڑ لگانے سے مسائل حل نہیں ہونگے،جان بلیدی | مشرق ودیگراخبارات |
| 14 | کوئٹہ کی سڑکیں کھنڈر میں تبدیل،ٹریفک بلاک معمول بن چکا،جمعیت نظریاتی | مشرق ودیگراخبارات |

## امن وامان:

لورالائی فائرنگ سے ایک شخص ہلاک،منگچر جوہان کراس بازار میں فائرنگ سے ایک شخص زخمی،بختیارآباد،قیام امن کیلئے لیویز فورس کا کچھی میں گرینڈ آپریشن جاری ،فائرنگ وحادثات میں چار افراد جان سے گئے،دیگر واقعات میں 15زخمی،خضدار دھماکے کا مقدمہ نامعلوم دہشتگردوں کیخلاف درج،ساکران کے پکنک پوائنٹس پر مسلح افراد کی فیملیز سے لوٹ مار

## عوامی مسائل :

گرین بسوں کی تعداد اور روٹ میں اضافہ کیا جائے،کیوڈی ایم،بلوچستان میں آٹا کی قیمت میں کمی،تندور مالکان کی ہٹ دھرمی جاری،چاغی پمپ مالکان پیٹرول مہنگا فروخت کرنے لگے،لاپتہ مسلم عارف کو بازیات کرایا جائے،اہل خانہ کی اپیل،کوہلو پولیس ایریا میں چوریاں معمول بن گئیں۔

CamScanner

DIRECTORATE
GENERAL PUBLIC RELATIONS
BALOCHISTAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

مورخہ 06.05.2024

**اداریہ :**

روزنامہ بلوچستان نیوز کوئٹہ نے "**گندم خریداری کا عمل کسانوں کو زیادہ سے زیادہ ریلیف دینے کی ضرورت**" کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے ہر چند کہ اس وقت وطن عزیز پاکستان میں ایک اور بحران گندم کا سر اٹھا چکا ہے اور یہ بحران گندم کی قلت کا نہیں بلکہ اس کی اضافی مقدار کا ہے جو کسی المیے سے کم نہیں اور ان دنوں پرنٹ والیکٹرانک میڈیا سے لے کر کسانوں کاشتکاروں کی محافل اور سوشل میڈیا تک ہر جگہ اسی ایک مسئلے کی صدائے بازگوشت جاری ہے تاہم یہ بات اچھی اور مستحسن ہے کہ وزیر اعظم شہباز شریف نے اس بحران اور جنم لینے والی صورتحال کا نوٹس لیتے ہوئے اضافی گندم درآمد کرنے کے معاملے کی تحقیقات کا حکم دیا ہے وزیر اعظم کے حکم اور ہدایت اور اس مسئلے کا جائزہ لینے سے قبل ہم بات ہمارے صوبے بلوچستان کی کرنا ضروری سمجھتے ہیں کیونکہ باقی صوبوں کی طرح بلوچستان میں بھی ان دنوں گندم کاشت کرنے والے زمیندار اور کسان شدید پریشانی اور مشکل سے دوچار ہیں انہیں خدشہ ہے کہ کہیں ان کے سال بھر کی محنت کا پھل ضائع نہ ہو تاہم یہ بات قابل ستائش ہے کہ وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے گزشتہ روز برملا اعلان کیا ہے کہ گندم کی اچھی خاصی مقدار دستیاب ہونے کے باوجود حکومت نہ صرف مزید پانچ لاکھ میٹرک ٹن گندم خریدے گی بلکہ کسانوں کو بھی ریلیف دیا جائے گا اور فوڈ ڈیپارٹمنٹ سے بد عنوانی کا داغ بھی دھویا جائے گا سرکاری ذرائع سے جاری ہونے والی خبر کے مطابق وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی کی زیر صدارت محکمہ خوراک کا اعلیٰ سطحی جائزہ اجلاس گزشتہ روز وزیر اعلیٰ سیکرٹریٹ میں منعقد ہوا۔

**اداریے:**

روزنامہ باخبر کوئٹہ نے "**صحافیوں کے تحفظ کیلئے ٹھوس اقدامات اٹھائے جائیں** " کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے۔

روزنامہ 92 نیوز کوئٹہ نے "**تین صوبوں میں نئے گورنروں کی تعیناتی** " کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے۔

روزنامہ آزادی کوئٹہ نے "**بلوچستان میں گڈ گورننس میں رکاوٹ کون؟وزیر اعلیٰ بلوچستان کا دوٹوک پیغام!** " کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے۔

روزنامہ بلوچستان ٹائمز کوئٹہ نے "**Small loans for graduates** " کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے۔

**مضامین :**

برائے ڈائریکٹر جنرل
نظامت تعلقات عامہ بلوچستان

CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No.________ Dated: 06 MAY 2024 Page No.________


## نامزد گورنر بلوچستان شیخ جعفر خان مندوخیل آج، گورنر پنجاب سردار سلیم حیدر کل حلف اٹھائیں گے

کوئٹہ، لاہور (اسٹاف رپورٹر/نمائندہ جنگ) نامزد گورنر بلوچستان شیخ جعفر خان مندوخیل آج اپنے عہدے کا حلف اٹھائیں گے، تقریب حلف برداری آج صبح 11 بجے گورنر ہاؤس میں ہوگی۔ چیف جسٹس بلوچستان ہائی کورٹ جسٹس محمد ہاشم خان کاکڑ ان سے حلف لیں گے۔ نامزد گورنر پنجاب سردار سلیم حیدر کل حلف اٹھائیں گے، چیف جسٹس لاہور ہائیکورٹ ان سے حلف لیں گے، گورنر پنجاب بلیغ الرحمن عمرہ ادائیگی کے لیے سعودی عرب گئے ہیں ان کی جگہ سپیکر پنجاب اسمبلی محمد احمد خان قائم مقام گورنر کے فرائض انجام دے رہے ہیں۔


QUDRAT QUETTA


## وفاق اور بلوچستان کی بھرپور مدد کریں گے، جعفر مندوخیل

### صوبے اور وفاق کے درمیان تعلقات کو بہتر بنانے کے لئے اقدامات اٹھاؤں گا

### وزیراعظم شہباز شریف کا شکر گزار ہوں جنہوں نے مجھے گورنر بلوچستان کی ذمہ داری سونپ دی ہے

کوئٹہ (یو این اے) بلوچستان کے نامزد گورنر بلوچستان شیخ جعفر خان مندوخیل نے کہا ہے کہ صوبائی حکومت کی ہر حوالے سے مدد کریں گے صوبہ میں امن وامان کی بہتری کیلئے اپنا کردار ادا کریں گے حکومت بلوچستان جن سے بھی مذاکرات کریں ہمیں اس پر بقیہ 7 صفحہ 6 پر

کوئی اعتراض نہیں ہے مسلم لیگ ن کے سربراہ محمد نواز شریف اور وزیراعظم شہباز شریف کا شکر گزار ہوں جنہوں نے مجھے گورنر بلوچستان کی ذمہ داری سونپ دی ہے میں کوشش کروں گا کہ احسن طریقے سے اسے نبھاؤں وفاق وصوبہ کے درمیان خوشگوار تعلقات کیلئے اپنا کردار ادا کروں گا ان خیالات کا اظہار انہوں نجی ٹی وی سے گفتگو کرتے ہوئے کیا میں کوشش کروں گا کہ میں وفاق میں بلوچستان کے مسائل کے حوالے اپنا کردار ادا کروں اور وفاقی حکومت نے مجھ پر جو ذمہ داری دی ہے اس کو بہتر طور سے ادا کروں گا ایک سوال کے جواب میں نامزد گورنر شیخ جعفر مندوخیل کا کہنا تھا کہ بلوچستان میں معاشی بحران کے حل کیلئے بھی اپنا کردار ادا کروں گا وفاق اور صوبہ کے تعلقات کو بہتر کرنے کیلئے اپنا کردار ادا کروں گا تاکہ وفاق کی جانب سے جو پراجیکٹ آئے اس سے بھرپور فائدہ اٹھائی جاسکے۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No.______ Dated: 06 MAY 2024 Page No.______

### صدر آصف علی زرداری آج کوئٹہ پہنچیں گے

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) صدر مملکت آصف علی زرداری دو روزہ دورے پر آج (پیر 6 مئی کو) کوئٹہ پہنچیں گے، صدر مملکت آصف علی زرداری کا صدر منتخب ہونے کے بعد یہ بلوچستان کا پہلا دورہ ہوگا، ذرائع کے مطابق دورے کے دوران صدر مملکت اعلیٰ سطح کے اجلاسوں کی صدارت اور مختلف ترقیاتی منصوبوں کا افتتاح کریں گے، دورے کے دوران صدر مملکت سے صوبائی وزرا، سینیٹر، ارکان قومی وصوبائی اسمبلی سیاسی وقبائلی عمائدین ملاقاتیں بھی کریں گے۔

INTEKHAB QUETTA

## صدر آصف زرداری دو روزہ دورے پر آج کوئٹہ پہنچیں گے

### صدر مملکت آصف علی زرداری کا صدر منتخب ہونے کے بعد بلوچستان کا یہ پہلا دورہ ہوگا

### دو روزہ دورے کے موقع پر صدر مملکت اعلیٰ اجلاس کی صدارت اور مختلف ترقیاتی منصوبوں کا افتتاح کریں گے

کوئٹہ (این این آئی) صدر مملکت آصف علی زرداری دو روزہ دورے پر آج کوئٹہ پہنچیں گے۔ تفصیلات کے مطابق صدر مملکت آصف علی زرداری کا صدر منتخب ہونے کے بعد بلوچستان کا یہ پہلا دورہ ہوگا، دو روزہ دورے کے موقع پر صدر مملکت اعلیٰ اجلاس کی صدارت اور مختلف ترقیاتی منصوبوں کا افتتاح کریں گے، دورے کے دوران صدر آصف علی زرداری صوبائی کابینہ اور ارکان پارلیمنٹ سیاسی وقبائلی عمائدین سے ملاقاتیں بھی کریں گے۔

CamScanner

Daily MASHRIQ QUETTA

اللہ ہی کے لئے ہیں مشرق و مغرب (قرآن حکیم)

روزنامہ مشرق کوئٹہ

چیف ایگزیکٹو: سید ممتاز احمد

جلد 52 | پیر 27 شوال 1445ھ 06 مئی 2024ء، صفحات 08 | شمارہ 314

رجسٹرڈ BC-m-13 | Email Mashriqqta2008@gmail | PTCL 081-2827345 - 081-2827344 | قیمت 30 روپے


## بلوچستان میں پائیدار ترقی کیلئے ٹھوس اقدامات اٹھائیں گے

# امن سبوتاژ کرنے والے عناصر سے سختی سے نمٹا جائے گا، وزیر اعلیٰ بلوچستان

پرتشدد واقعات سے نمٹنے اور بحالی امن کیلئے ریاست اپنا کردار نبھانا بخوبی جانتی ہے، بلوچستان پولیس اور دیگر سیکورٹی ادارے عوام کی جان و مال کا تحفظ کرنے کیلئے ہمہ وقت چوکس ہیں

صوبے کے حالات خراب کرنیوالے امن دشمن عناصر کے خلاف پولیس کا بروقت آپریشن فورس کی پیشہ وارانہ کارکردگی کا مظہر ہے، وزیر اعلیٰ بلوچستان کا پولیس کی کارروائی پر اطمینان کا اظہار

عوام کے جان و مال کا تحفظ حکومت کی آئینی ذمہ داری ہے، صوبائی حکومت پائیدار ترقی کے اہداف حاصل کرنے کیلئے بلوچستان بھر میں جاری ترقیاتی منصوبوں کو وقت پر مکمل کرے گی

بلوچستان کو ترقی کی دوڑ میں دیگر صوبوں کے برابر لائیں گے، نوجوانوں تعلیم پر توجہ دیں انہیں عالمی سطح کی پیشہ وارانہ تربیت دیں گے تاکہ وہ ملک و قوم کی خدمت کر سکیں، میر سرفراز بگٹی

کوئٹہ (نیوز ڈیسک، م ڈ) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے بیان میں نے تخریب کاروں کے خلاف پولیس کی کامیاب کارروائی پر اظہار اطمینان کرتے ہوئے کہا ہے کہ پولیس نے بروقت متحرک کارروائی کی۔ وزیر اعلیٰ بلوچستان نے زور دیا کہ پرتشدد واقعات سے نمٹنے اور بحالی امن کیلئے ریاست اپنا کردار نبھانا بخوبی جانتی ہے، عوام کے جان و مال کا تحفظ حکومت کی آئینی ذمہ داری ہے۔ میر سرفراز بگٹی کا کہنا تھا کہ امن سبوتاژ کرنے والے عناصر سے سختی سے نمٹا جائے گا، امن دشمن عناصر کے خلاف پولیس کا بروقت آپریشن فورس کی پیشہ وارانہ کارکردگی کا مظہر ہے۔ نشریاتی ادارے سے بات چیت کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ عوام کے جان و مال کا تحفظ حکومت کی آئینی ذمہ داری ہے، اس حوالے سے حکومت مختلف اقدامات اٹھا رہی ہے، صوبائی حکومت پائیدار ترقی کے اہداف حاصل کرنے کیلئے بلوچستان بھر میں جاری ترقیاتی منصوبوں کو وقت پر مکمل کرے گی، انہوں نے کہا کہ......


بقیہ 1 صفحہ نمبر 7 پر


بلوچستان کو ترقی کی دوڑ میں دیگر صوبوں کے برابر لائیں گے، نوجوانوں تعلیم پر توجہ دیں انہیں عالمی سطح کی پیشہ وارانہ تربیت دیں گے تاکہ وہ ملک و قوم کی خدمت کر سکیں، ماضی میں تعلیم کے میدان میں پیچھے رہ جانے کی وجہ سے بلوچستان کی تیز ترقی ممکن نہ ہو سکی، موجودہ صوبائی حکومت تعلیم صحت اور بنیادی سہولیات کی فراہمی کیلئے اقدامات کو ترجیح دے رہی ہے جس کے مثبت اثرات مرتب ہوں گے اور عوام کو سہولیات میسر آئیں گی۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Bullet No.________ Page No.________

THE DAILY BAAKHABAR QUETTA

روزنامہ باخبر کوئٹہ

بانی اکرام اللہ خان

جلد 28 | پیر 06 مئی 2024ء بمطابق 27 شوال 1445ھ قیمت 20 روپے | شمارہ 125


## وزیراعلیٰ اور ٹرانسپورٹرز کے درمیان مذاکرات کامیاب ہڑتال ختم کرنیکا اعلان

**پولیس اور لیویز کو اینٹی سمگلنگ سے متعلق تنگ نہ کرنے کا نوٹیفکیشن جاری کردیا، تمام روٹس کے نمائندوں کا اظہار تشکر**

کوئٹہ (یو این اے) وزیر اعلیٰ بلوچستان اور ٹرانسپورٹرز کے درمیان مذاکرات کامیاب ٹرانسپورٹرز کا صوبے کے تمام شاہراہوں پر جاری ہڑتال ختم کرنے کا اعلان مذاکرات کے موقع پر صوبائی وزیر حاجی میر علی مدد جتک اور رکن بلوچستان اسمبلی میر لیاقت لہڑی اور دیگر حکام بھی موجود تھے جبکہ ٹرانسپورٹرز کے جانب سے مذاکرات میں مختلف روٹس کے نمائندے موجود تھے جن میں میر دولت لہڑی میر حکمت لہڑی میر سعید لہڑی میر محمود خان بادینی حاجی ملک شاہ جمالدینی حاجی عبدالمالک محمد حسنی حاجی اللہ بخش بادینی میر عبداللہ کرد سردار صابر ریکی حاجی علی نواز لہڑی غلام رسول مینگل میر نواب مینگل بابا جان شاہوانی حبیب بادیزئی عبدالباری مشوانی گڈز ٹرانسپورٹ کے حاجی نور جان شاہوانی اور میر ولی محمد قلندرانی و دیگر ٹرانسپورٹرز موجود تھے، وزیراعلیٰ بلوچستان سے ٹرانسپورٹرز نمائندوں کا اپنے درج ذیل مطالبات کہ آل بلوچستان کے نیشنل ہائی ویز تفتان این چالیس، تربت، کراچی جیکب آباد لورالائی ژوب شاہراں پر سے جگہ جگہ قائم تمام اینٹی سمگلنگ چیک پوسٹوں کو بارڈرز زیرو پوائنٹس پر منتقل کیا جائے کراچی روٹ پر سے کوسٹ گارڈ کی چیک پوسٹوں کو نیشنل ہائی وے ہٹا کر مسافر کو چز کا وقت ضائع نہ کیا جائے، اور امن امان قائم کرنے سے متعلق بجائے جگہ جگہ جوائنٹ چیک پوسٹوں کے نیشنل ہائی ویز پر جوائنٹ پٹرولنگ موبائل گشت بڑھایا اور چلایا جائے تفتان روٹ پر سفر کرنے والے مسافروں اور ٹرانسپورٹروں کو سیکیورٹی کی فراہمی روزانہ کی بنیاد پر کی جائے کانوائے کے مہینہ 15 دن وقفہ تک انتظار میں ٹرانسپورٹر کو بیروزگار نہیں کیا جائے اور تفتان روٹ کی گاڑیوں کو ہی مسافروں کی ٹرانسپورٹیشن کیلئے پہلی ترجیح دی جائے باہر کی گاڑیوں کو زیادہ رش کے وقت دوسرے ترجیح رکھا جائے

## وزیراعلیٰ بلوچستان سرفراز بگٹی کا تعزیتی پیغام

کوئٹہ (آن لائن) وزیراعلیٰ بلوچستان سرفراز بگٹی نے پیپلز پارٹی کے سینئر رہنما اور مند ضلع کیچ کے معروف شخصیت میر فدا حکیم رند کے والد ولجہ ڈاکٹر عبدالحکیم رند کی وفات پر گہرے رنج والم کا اظہار کیا مرحوم ولجہ ڈاکٹر عبدالحکیم رند ایک انسان دوست، خوش اخلاق، ملنسار، لوگوں کے دکھ درد میں شریک ہونے والے ہردلعزیز شخصیت کے مالک تھے، ڈاکٹر عبدالحکیم رند کی وفات پر میر فدا حکیم رند سمیت دیگر تمام لواحقین سے تعزیت کا اظہار کیا اور مرحوم کی بلند درجات اور پسماندگان کیلئے صبر جمیل کی دعا کی۔

CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Bullet No.________

Page No.________


786
92

Roznama 92 News

روزنامہ 92 نیوز کوئٹہ

ایڈیٹر انچیف محمد حمید رامین

قیمت 30 روپے

جلد 7 | پیر 27 شوال المکرم 1445ھ 6 مئی 2024ء | شمارہ 228


## وزیراعلیٰ بلوچستان اور ٹرانسپورٹرز میں مذاکرات کامیاب

### ٹرانسپورٹرز کا صوبے کی تمام شاہراہوں پر جاری ہڑتال ختم کرنے کا اعلان

کوئٹہ (یو این اے) وزیراعلیٰ بلوچستان اور ٹرانسپورٹرز کے درمیان مذاکرات کامیاب ہوگئے، ٹرانسپورٹرز نے صوبے کی تمام شاہراہوں پر جاری ہڑتال ختم کرنے کا اعلان کردیا، گزشتہ روز مذاکرات میں صوبائی وزیر حاجی میر علی مددجتک اور رکن بلوچستان اسمبلی میر لیاقت لہڑی اور دیگر حکام بھی موجود تھے، ٹرانسپورٹرز کے جانب سے مذاکرات میں مختلف روٹس کے نمائندے موجود تھے جن میں میر دولت لہڑی، میر حکمت لہڑی، میر سعید لہڑی، میر محمود خان بادینی، حاجی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 33)

ملک شاہ جمالدینی، حاجی عبدالمالک محمد حسنی، حاجی اللہ بخش بادینی، میر عبداللہ کرد، سردار صابر ریکی، حاجی علی نواز لہڑی، غلام رسول مینگل، میر نواب مینگل، بابا جان شاہوانی، حبیب بادیزئی، عبدالباری مشوانی، گندز ٹرانسپورٹ کے حاجی نور جان شاہوانی اور میر ولی محمد قلندرانی و دیگر ٹرانسپورٹرز موجود تھے، وزیراعلیٰ، ہوم سیکرٹری، کمشنر کوئٹہ، عوامی نمائندوں میر لیاقت لہڑی، علی مددجتک اور دیگر حکام نے مطالبات غور سے سنے، وزیراعلیٰ نے بعض مطالبات پر فوری عملدرآمد کیلئے آرڈرز جاری کئے، پولیس اور لیویز کو اینٹی اسمگلنگ سے متعلق تنگ نہ کرنے کا نوٹیفکیشن جاری کیا، تفتان روٹ پر صرف دو جوائنٹ چیک پوسٹوں یعنی این 40 پر صرف پدگ روڈ اور لکپاس کراچی روڈ پر کوسٹ گارڈ کی چیک پوسٹوں کو کم کرنے سے متعلقہ حکام سفارشات بذریعہ ہوم سیکریٹری جاری کرنیکی یقین دہانی کرائی، کوئٹہ تکران کوئٹہ سندھ جیکب آباد کوئٹہ پنجاب کے ٹرانسپورٹرز نمائندوں کے مسائل بلکہ ہر روٹس کے نمائندوں سے انکے مسائل غور سے سنے، ٹرانسپورٹرز نے ایک مرتبہ پھر ان سب کا تہہ دل سے شکریہ ادا کیا۔

Daily Qudrat Quetta

روزنامہ قدرت کوئٹہ

چیف ایڈیٹر نعمت اللہ

صفحات 8 قیمت 15 روپے

جلد 20 | 06 ... 2024 .. 26 شوال 1444ھ | شمارہ 30


# امن سبوتاژ کرنے والے عناصر سے سختی سے نمٹیں گے، وزیر اعلیٰ

وزیر اعلیٰ بلوچستان نے زور دیا کہ پر تشدد واقعات سے نمٹنے اور بحالی امن کیلئے ریاست اپنا کردار نبھانا بخوبی جانتی ہے

امن دشمن عناصر کے خلاف پولیس کا بروقت آپریشن فورس کی پیشہ وارانہ کارکردگی کا مظہر ہے

کوئٹہ (یو این اے) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے تخریب کاروں کے خلاف پولیس کی کامیاب کارروائی پر اظہار اطمینان کرتے ہوئے کہا ہے کہ پولیس نے بروقت متحرک کارروائی کی۔ وزیر اعلیٰ بلوچستان نے زور دیا کہ پر تشدد واقعات سے نمٹنے اور

بقیہ 4 صفحہ 6 پر

بحالی امن کیلئے ریاست اپنا کردار نبھانا بخوبی جانتی ہے۔ عوام کے جان و مال کا تحفظ حکومت کی آئینی ذمہ داری ہے۔ میر سرفراز بگٹی کا کہنا تھا کہ امن سبوتاژ کرنے والے عناصر سے سختی سے نمٹا جائے گا، امن دشمن عناصر کے خلاف پولیس کا بروقت آپریشن فورس کی پیشہ وارانہ کارکردگی کا مظہر ہے

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily BALOCHISTAN NEWS QUETTA

روزنامہ بلوچستان نیوز کوئٹہ

چیف ایڈیٹر محمد انور ناصر

Bullet No.______ Page No.______

| جلد | Ph :2839851 | FaX:2839867 | قیمت | MEMBER OF APNS | شمارہ |
|---|---|---|---|---|---|
| 27 | 6 مئی 2024ء | 27 شوال / 1445ھ | 10 روپے | رجسٹرڈ ڈی سی بی-10 | 85 |

# پرتشدد واقعات سے نمٹنے کیلئے ریاست اپنا کردار نبھانا بخوبی جانتی ہے، میر سرفراز بگٹی

## عوام کے جان و مال کا تحفظ حکومت کی آئینی ذمہ داری امن سبوتاژ کرنے والے عناصر سے سختی سے نمٹا جائیگا

## امن دشمن عناصر کے خلاف پولیس کا بروقت آپریشن فورس کی پیشہ وارانہ کارکردگی کا مظہر ہے

کوئٹہ (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے تخریب کاروں کے خلاف پولیس کی کامیاب کارروائی پر اظہار اطمینان کرتے ہوئے کہا ہے کہ پولیس نے بروقت متحرک کارروائی کی۔ وزیر اعلیٰ بلوچستان نے زور دیا کہ پرتشدد واقعات سے نمٹنے اور بحالی امن کیلئے ریاست اپنا کردار نبھانا بخوبی جانتی ہے، عوام کے جان و مال کا تحفظ حکومت کی آئینی ذمہ داری ہے۔ میر سرفراز بگٹی کا کہنا تھا کہ امن سبوتاژ کرنے والے عناصر سے سختی سے نمٹا جائے گا، امن دشمن عناصر کے خلاف پولیس کا بروقت آپریشن فورس کی پیشہ وارانہ کارکردگی کا مظہر ہے

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: INTEKHAB QUETTA

Bullet No.______ Dated: 06 MAY 2024 Page No.______


92 نیوز کوئٹہ

## صوبائی حکومت کا دہشتگردوں کیخلاف کریک ڈاؤن کا فیصلہ

**دہشتگردی کے متواتر واقعات کے بعد وزیراعلیٰ اور قانون نافذ کرنے والے اداروں نے سر جوڑ لئے ٹھوس اقدامات شروع**

**سرفراز بگٹی کے متعلقہ اداروں کے سربراہان سے رابطے، جلد اجلاس طلب کرکے کریک ڈاؤن کے طریقہ کار پر غور ہوگا، ذرائع**

کوئٹہ (اے این این) صوبائی دارالحکومت کوئٹہ سمیت بلوچستان کے مختلف علاقوں میں دہشت گردی کے واقعات کے بعد وزیراعلیٰ بلوچستان اور قانون نافذ کرنے والے اداروں نے سر جوڑ کر اقدامات کی کوشش شروع کر دیں، جلد کریک ڈاؤن کا بھی فیصلہ کرلیا گیا، تفصیلات کے مطابق کوئٹہ سمیت بلوچستان کے مختلف علاقوں میں دہشت گردی کے متواتر واقعات میں معصوم لوگوں کو ٹارگٹ کیا جارہا، ساتھ میں پولیس افسران پر بھی حملے ہوچکے ہیں، حملوں کی روک تھام کیلئے وزیراعلیٰ بلوچستان نے متعلقہ اداروں کے سربراہان سے رابطے تیز کر دیئے، بھرپور اقدامات اور دہشت گردوں کے خلاف موثر کریک ڈاؤن کا بھی فیصلہ کرلیا گیا، ذرائع نے یہ بھی بتایا کہ جلد ایک اجلاس طلب کر کے طریقہ کار پر غور کیا جائے گا۔

## کوہلو کے پہاڑی جنگلات میں آگ لگ گئی

**فارسٹ اسٹاف و ایف سی نے قابو پالیا' آگ لگانے والے شرپسند عناصر تک جلد پہنچ جائیں گے' آفیسر**

کوہلو (نامہ نگار) کنزرویٹر فارسٹ بی کی جانب سے کوہلو کے پہاڑی جنگلات میں لگی آگ پر قابو پانے پر فارسٹ اسٹاف اور ایف سی کے جوانوں کو شاباش مشترکہ کارروائی بقیہ نمبر 13 صفحہ 5 پر

کی بدولت جنگلات میں لگی آگ پر قابو پالیا گیا کنزرویٹر فارسٹ بی کا اظہار اطمینان مشکل اور دشوار گزار پہاڑی جنگلات میں آگ بجھانے کی کارروائی میں حصہ لینے والے فارسٹ اسٹاف ایف سی کے جوانوں کی محنت اور کارکردگی کو سراہتے ہیں کنزرویٹر فارسٹ محمد زاہد تفصیلات کیمطابق گزشتہ روز کوہ جاندران میں اچانک آگ بھڑک اٹھی آگ پر محکمہ جنگلات و جنگلی حیات اور ایف سی بلوچستان نے قابو پالیا ہے رینج فارسٹ آفیسر عبدالصمد زرکون نے گفتگو کرتے ہوئے کہا ہے کہ محکمہ جنگلات کے اسٹاف اور ایف سی کے جوانوں نے سخت کوششوں کے بعد آگ پر قابو پالیا آگ لگتے ہی ڈیوٹی پر تعینات فارسٹ گارڈ چند لمحے بعد موقع پر پہنچ گئی آگ کی اطلاع ملتے ہی جنگلات اسٹاف کو موقع کی جانب روانہ کرلیا جنگلات حکام کے مطابق آگ کی شدت میں اضافہ اور آلات نہ ہونے کی وجہ سے اسٹاف کو سخت مشکلات کا سامنا کرنا پڑا آگ پر قابو پانے کے لئے جنگلات حکام نے مقامی ایف سی کے جوانوں اور مقامی لوگوں سے مدد طلب کرلی جہاں سخت کوششوں کے بعد آگ پر مکمل قابو پالیا گیا ہے اس حوالے سے رینج فارسٹ آفیسر کا کہنا تھا کہ نامعلوم شرپسند عناصر نے کوہ جاندران پر آگ لگایا تھا آگ لگانے والے نامعلوم شرپسند عناصر کی کھوج لگا رہے ہیں جلد ملزمان تک پہنچ کر ان کے خلاف ایف آئی آر درج کرلیا جائے گا

**CLIPPING SERVICE**

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: INTEKHAB QUETTA

Dated: 06 MAY 2024　　Page No.

Bullet No.

# سعودی تجارتی وفد اسلام آباد پہنچ گیا، ریکوڈک سمیت سرمایہ کاری کے متعدد معاہدے متوقع

10 ارب ڈالر سے زائد کی سرمایہ کاری متوقع، وزیر تجارت جام کمال نے ڈاکٹر مصدق ملک کے ہمراہ ہوائی اڈے پر وفد کا استقبال کیا، سعودی نائب وزیر سرمایہ کاری بھی پاک سعودی سرمایہ کاری کے ابتدائی سیشن سے خطاب کریں گے

متعدد معاہدوں و مفاہمتی یادداشتیں متوقع ہیں، سعودی وفد کے ساتھ ونڈ، سولر توانائی کے منصوبوں میں سرمایہ کاری پر بھی تبادلہ خیال ہوگا اس کے علاوہ ریکوڈک منصوبے پر بھی بات چیت کی جائے گی، جام کمال

اسلام آباد (آن لائن) سعودی سرمایہ کاروں کا اعلیٰ سطح وفد اسلام آباد پہنچ گیا، وفد کی قیادت سعودی نائب وزیر سرمایہ کاری کر رہے ہیں، وزیر تجارت جام کمال، ڈاکٹر مصدق ملک کے ہمراہ ہوائی اڈے پر وفد کا استقبال کیا، ننھے بچوں نے مہمانوں کو پھولوں کے گلدستے پیش کیے۔ اس موقع پر سعودی سفیر نواف سعید المالکی بھی سفارت خانہ کے حکام کے ہمراہ ائیرپورٹ پر موجود تھے۔ سعودی اعلیٰ سطح وفد میں 40 سے 50 شرکاء شامل ہیں وفد آج صبح پاک سعودی سرمایہ کاری کانفرنس میں شریک ہوگا۔ پاک سعودی سرمایہ کاری کا ابتدائی سیشن آج صبح 8 بجے شروع ہوگا پاکستانی حکام سعودی وفد کو متوقع سرمایہ کاری

بقیہ نمبر 36 صفحہ 5 پر

شعبوں پر بریفنگ دیں گے جبکہ سعودی نائب وزیر سرمایہ کاری بھی پاک سعودی سرمایہ کاری کے ابتدائی سیشن سے خطاب کریں گے پاکستانی وزیر تجارت بھی ابتدائی سیشن کے اختتام پر سے خطاب کریں گے اس کے علاوہ پاکستان اور سعودی عرب کے درمیان بی ٹو بی بزنس ٹو بزنس ملاقاتیں بھی آج شیڈول میں ہیں۔ یاد رہے سعودی تجارتی وفد میں مختلف شعبوں سے تعلق رکھنے والی 30 کمپنیوں کے نمائندے شامل ہیں سعودی وفد کا تعلق ٹیکنالوجی، توانائی، ہوابازی، تعمیرات، مائننگ اور ہیومن ریسورسز کے شعبوں سے ہے جبکہ آئی ٹی، توانائی، خوراک، کیمیکل، گوشت، کان کنی، زراعت، صنعت و تجارت وغیرہ کے مشترکہ منصوبوں میں متوقع سرمایہ کاری کے معاملے پر بات چیت ہوگی۔ سعودی وفد کے دورے کے دوران دونوں ممالک کے مابین متعدد معاہدوں و مفاہمتی یادداشتیں متوقع ہیں ہیں سعودی وفد کے ساتھ ونڈ، سولر توانائی کے منصوبوں میں سرمایہ کاری پر بھی تبادلہ خیال ہوگا اس کے علاوہ ریکوڈک منصوبے پر بھی بات چیت کی جائے گی۔ سعودی عرب کی جانب سے پاکستان میں 10 ارب ڈالرز سے زائد سرمایہ کاری کی توقع ہے۔ سعودی وفد 7 مئی کو واپس روانہ ہوگا وزیراعظم شہباز شریف نے سعودی وفد کے دورہ پاکستان کے انتظامات کے لئے 16 رکنی اسٹیئرنگ کمیٹی تشکیل دے رکھی ہے اسٹیئرنگ کمیٹی میں مختلف وزارتوں کے نمائندگان موجود ہے۔

CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No.______

Dated: 06 MAY 2024

Page No.______


## بی این پی کا گوادر میں باڑ لگانے کیخلاف عدالت سے رجوع کرنے کا فیصلہ

**یہ کیسی ترقی ہے جہاں لوگوں کو اپنی آبائی زمین میں آزادانہ گھومنے کی اجازت نہیں، ساجد ترین ایڈووکیٹ**

گوادر (آن لائن) بلوچستان نیشنل پارٹی عوامی کے مرکزی قائم مقام صدر ساجد ترین ایڈووکیٹ کا بلوچستان ہائی کورٹ میں گوادر میں باڑ لگانے کے خلاف ایک اہم پٹیشن داخل کرنے کا فیصلہ، درخواست میں موقف اپنایا گیا کہ گوادر پر باڑ لگانا فریڈم وف مومنٹ کے بنیادی حقوق کے خلاف ہے کچھ لوگ گوادر کو بلوچستان سے الگ کرنے کی سازش کر رہے ہیں اور ہم کسی کو بھی ایسا کرنے نہیں دیں گے ساجد ترین ایڈووکیٹ نے کہا کہ یہ کس قسم کی ترقی ہے جہاں لوگوں کو ترقی کے نام پر اپنی آبائی زمین میں آزادانہ گھومنے کی اجازت نہیں ہے۔ یاد رہیں کہ 3 سال پہلے سابقہ حکومت کی جانب سے بھی یہی کوشش کی گئی کہ گوادر پر باڑ لگا سکے لیکن ساجد ترین ایڈووکیٹ نے بلوچستان ہائی کورٹ میں اس عمل کے خلاف پٹیشن دائر کر کے اسے روک دیا جس کے بعد حکومت کام روکنے پر مجبور ہوگئی اب ایک بار پھر کٹھ پتلی حکومت گوادر میں باڑ لگانے کی کوشش کر رہی ہے جس پر بی این پی کے مرکزی قائم مقام صدر ساجد ترین ایڈووکیٹ نے ہائیکورٹ میں اس کے خلاف دوبارہ پٹیشن دائر۔ ساجد ترین ایڈووکیٹ نے کہا کہ عدالت گوادر باڑ معاملے کا فیصلہ ہمارے حق میں کرے یا نہ کرے لیکن ہم بلوچستان کے مظلوموں کے لیے ہر پلیٹ فارم پر آواز اٹھاتے رہیں گے۔

## حکومت پارلیمان وسیاستدان عام آدمی کی بہتری کا سوچیں۔امان اللہ کنرانی

**اگر جج و جنرل 60 سے زائد کام کر سکتا ہے تو یہ رعایت سب سے کم عمر و کم آمدن والے کو بھی ملنی چاہیے**

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) سپریم کورٹ بار ایسوسی ایشن کے سابق صدر امان اللہ کنرانی نے کہا ہے کہ حکومت پارلیمان و سیاستدان عوامی امنگوں و وکلاء کی خواہشات و مطالبات کے تناظر میں ججوں و جنرلوں یعنی طاقتوروں کی خوشنودی کی بجائے عام آدمی کی بہتری کے بارے میں سوچیں۔ ایک بیان میں انہوں نے کہا ہے کہ اس وقت سب سے زیادہ عمر کی حامل تاخیر سے ریٹائر ہونے کی میعاد سپریم کورٹ کے جج کی 65 سال اور آرمی جنرل کی 64 سال ہے جبکہ ہائی کورٹ کے جج کی عمر کی آخری حد 62 سال ہے تاہم عام سرکاری ملازم چپڑاسی سے چیف سیکریٹری و وفاقی سیکریٹری سب کی حد ملازمت کی عمر 60 سال ہے اگر جج و جنرل اپنی اوسط بین الاقوامی طور پر مستند فطری عمر 60 سے زائد کام کر سکتا ہے تو اس کا موقع و ترجیح سب سے کم عمر و کم آمدن والے کو ملنی چاہیے وہ بھی صرف 2 سال مزید اور ایسے لوگوں کو نہیں جو سب سے زیادہ عمر تک کام بھی کریں سب سے زیادہ مراعات و تنخواہ اور ریٹائرمنٹ کے بعد بھی ان کی تقرریاں ان کا حق سمجھا جائے اور پھر بھی اس کی عمر کی حد کو بڑھانا قہر خداوندی کو دعوت دینا ہے اس موقع پر اگر بہتر سیاسی مفاہمت کا فارمولا طے ہو جائے کہ پارلیمنٹ و بلدیات کی میعاد و انتخابات ایک ہی دن ہوں اور یہ مدت محض 3 سال تک ہو سینٹ سمیت سب اداروں کے انتخابات براہ راست عوام میں سے ہوں پارلیمنٹ کی تمام جماعتیں تین سال تک ہر حکومت کو کام کرنے کا موقع دیں جس سے بلدیات کی خودمختاری و بنیادی مسائل کے حل و اخراجات میں کمی و انتشار و خلفشار سے نجات و ملک میں سیاسی استحکام و معیشت مضبوط دفاع میں طاقت و خارجہ کے وقار میں اضافہ ہوگا اور ملک ایک ڈگر پر چل پڑے گا افراتفری کا خاتمہ ہوگا۔


MASHRIQ QUETTA


## گوادر شہر میں باڑ لگانا بلوچوں کو ان کی زمین سے بیدخل کرنے کی سازش ہے، ڈاکٹر ماہ رنگ

**بلوچ آبادی کو آبائی زمینوں سے اکھاڑ پھینکا جا رہا ہے' رہنماء بلوچ یکجہتی کمیٹی**

کوئٹہ (یو این اے) بلوچ یکجہتی کمیٹی کی رہنماء ڈاکٹر ماہ رنگ بلوچ نے سماجی رابطے ویب سائٹ (ایکس) پر اپنے بیان میں کہا ہے کہ گوادر شہر میں باڑ لگانا مقامی لوگوں کو بے گھر کرنے کی ایک پریشان کن کوشش ہے 2020 کی ابتدائی کوششوں کے باوجود بلوچ کمیونٹی کی مزاحمت نے اس کام کو روک دیا یہ زبردستی اقدامات نہ صرف کمیونٹیز کو الگ کرنے کا خطرہ رکھتے ہیں بلکہ منصوبہ بند آبادیاتی تبدیلیوں کے خدشات کو بھی بڑھاتے ہیں، جو بلوچوں کو ان کی اپنی.........


بقیہ 57 صفحہ نمبر 7 پر


سرزمین میں ممکنہ طور پر اقلیتوں میں تبدیل کر سکتے ہیں نام نہاد میگا پروجیکٹ اب تک بلوچ قوم کو فائدہ پہنچانے میں ناکام رہا ہے گوادر شہر پر باڑ لگانے سے یہ خدشات بڑھ گئے ہیں کہ CPEC خوف اور عدم تحفظ کو بڑھاتے ہوئے مقامی آبادی کو پسماندہ کرنے کا ارادہ رکھتا ہے۔ اس نے تقسیم کو مزید گہرا کیا ہے اور کمیونٹی پر مزید ظلم کیا ہے، مقامی لوگ اب محض ایک سیکورٹی زون تک محدود محسوس کر رہے ہیں۔ جبری نقل مکانی ریاست کی طرف سے انسانی حقوق کی بدترین خلاف ورزیوں میں سے ایک ہے۔ پوری بلوچ آبادی کو ان کی آبائی زمینوں سے اکھاڑ پھینکا جا رہا ہے تاکہ وہ مہاجر بن کر زندگی بسر کر سکیں، جبر اور تشدد برداشت کریں اس کے باوجود مزاحمتی بلوچ عوام نے اپنی سرزمین چھوڑنے سے انکار کر دیا ہے۔


CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: Baakhabar Quetta

Bullet No.

Dated: 06 MAY 2024 Page No.


# صحافیوں کے تحفظ کیلئے ٹھوس اقدامات اٹھائے جائیں

عالمی یوم صحافت پر بلوچستان کے ضلع خضدار کے علاقے چمروک میں سلطان ابراہیم خان روڈ پر دھماکہ ہوا جس میں خضدار پریس کلب کے صدر محمد صدیق مینگل سمیت 3 افراد جاں بحق اور 7 زخمی ہو گئے۔ پولیس کے مطابق نامعلوم موٹر سائیکل سوار نے گھر سے یونیورسٹی جاتے ہوئے خضدار پریس کلب کے صدر کی گاڑی کو بم سے نشانہ بنایا۔ وزیر اعظم محمد شہباز شریف نے خضدار دھماکے میں خضدار پریس کلب کے صدر مولانا محمد صدیق مینگل کی شہادت پر گہرے دکھ اور رنج کا اظہار کیا اور شہداء کیلئے مغفرت اور ان کے اہل خانہ کیلئے صبر جمیل کی دعا کی۔

اس حقیقت سے انکار ممکن نہیں کہ ملک میں جمہوریت ہو یا آمریت، صحافت ہمیشہ کسی نہ کسی طرح زیر عتاب ہی رہی ہے۔ ہر سال 3 اپریل کو منائے جانے والے عالمی یوم صحافت پر صحافتی برادری کی طرف سے یہ عہد کیا جاتا ہے کہ کسی بھی دباؤ کے باوجود آزادانہ اور ذمہ دارانہ سچ عوام تک پہنچایا جائیگا اور صحافت پر لگی قدغنیں کسی صورت تسلیم نہیں کی جائیں گی۔ مگر ریاستی جبر اور غیر ریاستی عناصر کی مبینہ کارروائیوں کی وجہ سے آزادی صحافت اور اظہار رائے کی آزادی کو شدید خطرات لاحق ہو چکے ہیں۔ حالانکہ آئین و قانون کے متعین کردہ پیرامیٹرز میں رہتے ہوئے صحافتی خدمات سرانجام دی جاتی ہیں۔ بدقسمتی سے پاکستان کا شمار دنیا کے ان ممالک میں ہوتا ہے جہاں اظہار رائے پیکا جیسے کالے قانون کی جکڑ بندیوں کا شکار ہے۔ ترقی کے اس دور میں بھی صحافی برادری اپنی آزادی کیلئے نہ صرف قربانیاں دے رہی ہے بلکہ قید و بند کی صعوبتیں بھی برداشت کر رہی ہے۔ فریڈم نیٹ ورک کی رپورٹ کے مطابق پاکستان میں گزشتہ ایک سال میں 4 صحافیوں کو قتل کیا گیا جبکہ 104 سے زائد صحافی مختلف مقدمات کی زد میں ہیں۔ خضدار پریس کلب کے صدر مولانا محمد صدیق مینگل کو دہشت گردی کا نشانہ بنانا آزادی صحافت پر کاری ضرب ہے جس سے صحافتی برادری کو دباؤ میں رکھنے کا ہی عندیہ ملتا ہے۔ صحافت ایک مقدس پیشہ ہے اسکی آزادی اور اس سے وابستہ صحافیوں کے تحفظ کیلئے سب کو اپنا اپنا کردار ادا کرنا چاہیے بالخصوص حکومت کو آزادی صحافت اور صحافیوں کے تحفظ کیلئے ٹھوس بنیادوں پر اقدامات کرنے چاہئیں۔

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: 92 نیوز کوئٹہ

Bullet No.

Dated: 0 6 MAY 2024 Page No.


## تین صوبوں میں نئے گورنروں کی تعیناتی

صدر مملکت آصف علی زرداری نے پنجاب، خیبرپختونخوا اور بلوچستان کے نئے گورنروں کی تقرری کی منظوری دے دی ہے، صدر مملکت نے سردار سلیم حیدر خان کی بطور گورنر پنجاب، فیصل کریم کنڈی گورنر خیبرپختونخوا اور جعفر خان مندوخیل کی بطور گورنر بلوچستان تعیناتی کی منظوری دی، صدر مملکت نے گورنروں کی تعیناتی کی منظوری آئین کے آرٹیکل 101(1) کے تحت دی۔ 8 فروری 2024ء کو ہونے والے الیکشن کا مرحلہ نئے گورنروں کی تعیناتی کے ساتھ ہی پایہ تکمیل کو پہنچ گیا ہے۔ پاور شیئرنگ فارمولے کے تحت مسلم لیگ (ن) اور پی پی پی کے درمیان طے پایا تھا کہ خیبرپختونخوا اور پنجاب میں پیپلز پارٹی، سندھ اور بلوچستان میں مسلم لیگ (ن) گورنر نامزد کرے گی، مسلم لیگ (ن) نے گزشتہ روز پارٹی کے صوبائی صدر جعفر مندوخیل کو بلوچستان کا گورنر نامزد کیا تھا۔ اس کے بعد عوام کو ریلیف فراہم کرنے کی باری آتی ہے کیونکہ عوام نے سیاسی پارٹیوں کو صرف اور صرف اس مقصد کے لیے ووٹ دیئے تھے کہ یہ اقتدار میں آکر انھیں ریلیف فراہم کریں گی۔ سیاسی پارٹیاں اقتدار میں تو آگئیں، وزارتیں بن گئیں، وزیراعظم بیرون ممالک کے دورے بھی کر رہے ہیں لیکن عوام کو ابھی تک کوئی ریلیف فراہم نہیں کیا گیا۔ یہی وجہ ہے کہ عوام اب آہستہ آہستہ اس سسٹم سے ہی مایوس نظر آ رہے ہیں۔ حکمران اتحاد اور تمام سیاسی پارٹیوں سے گزارش ہے کہ عوام کو اس سسٹم سے مایوس مت کریں۔

editorial@roznama92news.com

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: AZADI QUETTA

Bullet No.

Dated 06 MAY 2024

Page No.


## بلوچستان میں گڈ گورننس میں رکاوٹ کون؟

## وزیراعلیٰ بلوچستان کا دوٹوک پیغام!

بلوچستان میں حکومتوں کیلئے گورننس سب سے بڑا چیلنج اور مسئلہ رہا ہے جس کی ایک وجہ مخلوط حکومت ہے کیونکہ مخلوط حکومت میں شامل شراکت دار وزراء من پسند وزارتیں، فنڈز، ملازمتوں کے تقاضے کرتے ہیں اور اپنے من پسند آفیسران کی تعیناتی کے حوالے سے بھی دباؤ بڑھاتے ہیں جس کی وجہ سے حکومتی معاملات بہتر طریقے سے نہیں چل پاتے۔ صوبائی حکومتوں کے اندرون خانہ اختلافات کی ایک بڑی وجہ بھی یہی ہے مخلوط حکومت کو چلانا بہت ہی مشکل ہوتا ہے۔ سابق وزراء اعلیٰ بلوچستان برملا اس کا اظہار کرتے آئے ہیں کہ بلوچستان میں ترقی کے عمل کا سست روی کا شکار ہونا، گورننس کا بہتر نہ ہونے کی وجہ کابینہ میں شامل ارکان کی فرمائشیں، ذاتی خواہشات ہیں جنہیں مجبوراً پورا کرنا پڑتا ہے اگر نہ کی جائے تو اندرون خانہ وزیراعلیٰ کے خلاف سازشیں شروع کی جاتی ہیں، دھڑیں بندیاں کی جاتی ہیں وزیراعلیٰ کیلئے مشکلات کھڑی کی جاتی ہیں۔ دوسرا مسئلہ بیوروکریسی اور افسر شاہی کا ہے جو اپنے مفادات کو زیادہ ترجیح دیتے ہیں ان کی توجہ گورننس پر کم رہتی ہے ایک ٹیم کا حصہ بن کر ساتھ چلنے کی بجائے ان کے اپنے اہداف ہوتے ہیں۔ یہ بہت دیرینہ مسائل ہیں جو بلوچستان کی ترقی کی راہ میں رکاوٹ ہیں۔ گزشتہ دنوں وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے برملا اس بات کا اظہار کیا کہ گورننس میری ترجیح ہے، میرٹ کی پامالی نہیں ہونے دینگے، ملازمتوں کی فروخت بندر بانٹ قابل قبول نہیں ہوگی۔ افسر شاہی اور وزراء کی جانب سے کرپشن، ملازمتوں کی فروخت قابل قبول نہیں ہوگی۔ وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ عوام کے مسائل کا حل ہماری اولین ترجیح ہے، گڈ گورننس کے قیام کے لئے سروس ڈیلیوری کو بہتر بنانا ضروری ہے، گورننس کے بہتر ہونے سے ادارے فعال ہوں گے اور لوگوں کے مسائل ایک منظم طریقہ کار کے تحت میرٹ اور قواعد وضوابط کے تحت حل ہوں گے۔ وزیراعلیٰ نے کہا کہ کام نہ کرنے والے افسران اور اہلکاروں کو اپنی روش تبدیل کرنا ہوگی، عوام کے جائز امور کی انجام دہی میں سست روی یا کوتاہی برداشت نہیں کی جائے گی، افسران کا عوام دشمن رویہ ناقابل برداشت ہے۔ میر سرفراز بگٹی نے افسران کو ہدایت کی کہ ہر شہری کو عزت واحترام دے کر ان کے جائز مسائل فوری طور پر حل کریں اور عوام کو درپیش پریشانیوں کا مداوا کریں۔ یہ ایک انتہائی اچھا عمل ہے کہ وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے دوٹوک پیغام دیا ہے۔ بلوچستان میں ترقی اور خوشحالی کیلئے سب سے پہلے گورننس کو ترجیح دینا ہوگی، میرٹ کی بنیاد پر فیصلے کئے جائیں۔ عوامی مسائل کے حل کو اولین ترجیح دی جائے، محکموں کے اندر کرپشن کا خاتمہ ضروری ہے ان اقدامات سے بلوچستان میں چند برسوں میں ہی بہت بڑی مثبت تبدیلی واضح طور پر دکھائی دے گی۔

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: Balochistan Time Quetta

Bullet No.

Dated: 06 MAY 2024 Page No.

# Small loans for graduates

It is a healthy move that the Balochistan government has chalked out a plan to provide small loans on easy terms to graduates so that they could set up livestock farms or start a business in other sectors. Chief Minister Mir Sarfraz Ahmed Bugti said at a meeting of the Livestock and Dairy Development Department, an amount of Rs 2 billion would be allocated for the flagship programme to be implemented in collaboration with the Akhuwat Foundation. It was also decided in the meeting to launch mobile units in 36 districts of the province for the vaccination of livestock. The finance department was asked to release funds for the drive. Luckily, Balochistan has great potential in livestock as approximately more than 70 per cent people in the province are directly or indirectly associated with agriculture and livestock. Unfortunately, the successive government in the province badly neglected the agriculture and livestock sector due to which these sectors once generated good revenue but now are in dilapidated condition and need government serious attention. Now the decision of the provincial government to provide small loans to graduates will help reduce unemployment and provide an opportunity to graduates to exhibit their talent. There is no doubt, our graduates are brimming with potential, but many struggle to translate their knowledge into careers, particularly in agriculture and livestock. A key solution lies in facilitating their entry into the livestock farming sector. This can be achieved through a strategic initiative offering easy access to loans specifically designed for graduates setting up livestock farms. The current scenario presents a roadblock. Traditional loan options often come with high interest rates and stringent collateral requirements. This discourages graduates, many burdened with student debt, from taking the financial leap into livestock farming. Providing small loans easily with lower interest rates and more flexible collateral options would be a game-changer. Graduates, with their youthful energy and entrepreneurial spirit, can revitalize the industry and ensure its long-term sustainability. Livestock farming thrives in rural areas. Easy loan programs can encourage graduates to return to their roots, stimulating rural economies and creating local jobs. This would not only foster a sense of community but also address issues of rural-urban migration. Equipping graduates with the practical skills required for successful livestock farming will significantly improve their chances of success. This initiative is an investment in our future. By empowering graduates to become livestock farmers, it is not just creating jobs; but securing a sustainable food supply, stimulating rural development, and injecting fresh ideas into a vital industry.

CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامه
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullot No.

Dated: 06 MAY 2024 Page No.



صوبائی وزیر میر صادق عمرانی سے مختلف وفود ملاقات کر رہے ہیں



پاک ایران یوتھ فورم وخانہ فرہنگ اسلامی جمہوریہ ایران کے زیر اہتمام سیمینار سے صوبائی مشیر نسیم الرحمن، ہدایت الرحمن، سید مہدی شاگی، ڈاکٹر سید ابوالحسن میری، عبدالتین اخوندزادہ اور عمر اچکزئی خطاب کر رہے ہیں




کوئٹہ: صوبائی وزیر صحت فیصل جمالی یوم مڈوائف کی مناسبت سے تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

MASHRIQ QUETTA



دھادر، صوبائی وزیر ریونیو میر عاصم کرد گیلو حلقے کے عوام کے مسائل سن رہے ہیں